تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے

پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... قران مجید

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کا ترجمہ کریں۔ ۶x۱۰=۶۰

(i) فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ○

(ii) فَاِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ مِّنِّیْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ○

(iii) وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰۤى اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

(iv) قَالَ اِنَّهٗ یَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِیْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِی الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیْهَا

(v) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ ○

(vi) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا

(vii) اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ○

(viii) اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ○

(ix) فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْیَةٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ

(x) وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(i) فَرِیْقٌ (ii) قِرَدَةً (iii) الصّٰعِقَة (iv) مَتَاعٌ (v) بَعُوْضَةً (vi) فِتْنَةٌ (vii) الصَّوَاعِق (viii) شِقَاقٍ بَعِیْد

حصہ دوم ... تجوید

سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

س، د، ر، ص، ک، ط، و

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے دو اجزا کے جواب دیں۔

(i) کیا قرآن پاک کی محض تلاوت بھی باعث ثواب ہے؟ اپنا موقف قرآن وحدیث سے دلائل دے کر ثابت کریں۔ ۱۰

(ii) اصول مخارج کتنے اور کونسے ہیں نیز کل حروف کی تعداد کیا ہے؟ ۷+۳=۱۰

(iii) صفات لازمہ غیر متضادہ کی تمام اقسام کے نام لکھیں نیز قلقلہ اور تفشی کی مثالیں دیکر وضاحت کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... عقائد

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) تقدیر کا کیا مطلب ہے؟ تفصیلاً جواب دیں۔

(ب) سب سے پہلے انسان اور سب سے پہلے نبی کے بارے وضاحت کریں۔

(ج) منکر نکیر کیسے ہیں اور کیا کیا سوالات کرتے ہیں؟

(د) کن کن لوگوں کے بدن کو مٹی نہیں کھاتی؟ وضاحت کریں۔

(ھ) جن کیسی مخلوق ہے؟ ان کا تعارف کروائیں۔

(و) نبی کے علم کے بارے اپنے مؤقف کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) حضرت امام مہدی کا تعارف بیان کریں۔

(ب) مقام محمود اور لواء الحمد کا کیا مطلب ہے؟

(ج) امام کی اطاعت کب فرض ہے؟

(د) بدعت کی تعریف کریں۔

(ھ) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوگا؟

(و) نبی اور رسول کا معنی لکھیں۔

حصہ دوم ... فقہ

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) کس عمر میں بچے کو نماز سکھائی جائے؟

(ب) نماز کی شرائط بیان کریں۔

(ج) وضو کے فرائض لکھیں۔

(د) وضو توڑنے والی چیزوں میں سے کوئی پانچ تحریر کریں۔

(ھ) بے غسل کیا کام کر سکتا ہے اور کیا نہیں؟

(و) دہ دردہ پانی کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) نجاست غلیظہ ونجاست خفیفہ کا حکم تحریر کریں۔

(ب) تیمم کے فرائض بیان کریں۔

(ج) کھال پاک کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

(د) طہارت خانے میں داخل ہونے کی دعا لکھیں۔

(ھ) استبراء کا کیا مطلب ہے؟

(و) طہارت کے بچے ہوئے پانی کا کیا حکم ہے؟

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: صرف | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... میزان و منشعب

سوال نمبر 1: (الف) ثلاثی مجرد کے کسی باب سے ماضی اور مضارع کی مکمل گردان مع ترجمہ تحریر کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ و تشریح کریں۔ ۵+۵=۱۰

اما مستقبل فعلے را گویند کہ بزمانہ آئندہ تعلق دارد و آخرِ او مرفوع باشد مگر بعارض۔

سوال نمبر 2: (الف) ماضی قریب اور مضارع مجہول میں سے ہر ایک کے بنانے کا طریقہ سپرد قلم کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) مضارع میں " لَنْ " لفظاً اور معنیً کیا عمل کرتا ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 3: (الف) میزان الصرف کی روشنی میں امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۰

(ب) ثلاثی مجرد مطرد کے کل کتنے اور کونسے باب ہیں؟ نیز باب افعال کی صرف صغیر لکھیں۔ ۱۰+۵=۱۵

حصہ دوم ... صرف بہترال

سوال نمبر 4: (الف) کلام عرب میں میزان کے لیئے فاعین اور لام کو خاص کیوں کیا گیا؟ نیز جامد کی تعریف و مثال لکھیں۔ ۹+۶=۱۵

(ب) مضاعف رباعی اور ناقص واوی کی تعریف اور مثال لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) مصدر سے کتنی اور کون کونسی چیزیں مشتق ہوتی ہیں؟ ۱۵

(ب) ضَرَبَنَ ، یَضْرِبُ اور مَضْرُوْبٌ میں سے کسی دو کی بنائیں صرف بھترال کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) عِدَۃٌ والا قانون مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل قانون کا ترجمہ کر کے مثالیں دیں۔ ۱۰

ہر نون تنوین وقت دخول الف لام و اضافت و نون تثنیہ و جمع بوقت اضافت ساقط میشود وجوباً۔

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے

چوتھا پرچہ : نحو

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری دونوں سوال لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... نحو میر

سوال نمبر 1: (الف) مفرد اور مرکب میں سے ہر ایک کی تعریف کریں اور بتائیں کہ مرکب کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) اسمائے ظروف کون کونسے ہیں؟ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) مرکب غیر مفید کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟ کسی ایک کی تعریف کر کے مثال دیں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) غیر منصرف اور تثنیہ میں سے ہر ایک کا اعراب بیان کریں اور مثالیں بھی دیں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: بدانکہ اسم بر دو صنف است مذکر و مؤنث مذکر آنست کہ درو علامت تانیث نہ باشد چوں رجل۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور مؤنث کی تعریف کر کے علامات تانیث لکھیں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) افعال ناقصہ کتنے اور کونسے ہیں نیز وہ کیا عمل کرتے ہیں؟ مثال دیکر بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 4: (الف) وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم دیتے وہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ ہر حرف کی مثال بھی دیں۔ ۱۰

(ب) حروف ندا تحریر کر کے ان کا عمل بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

حصہ دوم ... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزا کا جواب دیں۔

(الف) ناظم نے حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کون کونسے بیان کیے ہیں؟ شعر کی صورت میں بیان کریں۔ ۱۰

(ب) افعال مقاربہ کے متعلق نظم مائۃ عامل میں مذکور اشعار کی مختصر تشریح و توضیح کریں۔ ۱۰

(ج) افعال مدح وذم کتنے ہیں؟ ان کے متعلق اشعار ضرور تحریر کریں۔ ۱۰

(د) درج ذیل اشعار کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہو جائے۔ ۱۰

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر است — اسم مفعول و مضاعف و فعل باشد مطلقا

پس صفت باشد کہ آں مانند اسم فاعلست — ہفتم اسم تام باشد ناصب تمیز را

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | **پانچواں پرچہ : عربی ادب** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: (**الف**) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں۔ ۱۵=۳x۵

(i) هذه منضدة (ii) هذا مكتبي ومكتبك (iii) اسمي صفي الله (iv) هل الارنب حيوان صغير (v) القلم الاسود قلم سعيد (vi) الورقة تحت قدمي (vii) هذا كتاب احمد (viii) انا قريب من النافذة

(**ب**) درج ذیل میں سے کسی ایک جزء کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(i) محمد تلميذ نجيب ،والده رجل كريم، والدته امرأة صالحة ،والده هو عبدالله ،والدته اسمها اسمآء، عبدالله واسمآء لهما ولدان وبنتان، الولد الكبير هو محمد، والصغير اسمه الزبير، الزبير هو اخو محمد، والبنت الكبيرة اسمها عائشة، والصغيرة اسمها سلمى، هي اخت عائشة ،وهي اخت الزبير واخت محمد .

(ii) الله رب المشرق والمغرب لااله الاهو ، تشرق الشمس في الصباح وتغرب في السماء ،الصباح اول النهار والمسآء أخر النهار، والظهر وسط النهار، الشمس وقت الظهر في وسط السماء ، تشرق الشمس فيأتي الصباح فيطير الطائر من عشه.

سوال نمبر 2: (**الف**) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۱۵=۵x۳

(i) یہ میرا پڑوسی ہے (ii) قلم کہاں ہے؟ (iii) تصویر دیوار پر ہے۔ (iv) اے فاطمہ اپنی آنکھیں کھولو (v) اب نقشہ مجھ سے دور ہے۔

(**ب**) درج ذیل میں سے کوئی پانچ خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰=۲x۵

(i) اسمي .... (ii) العين قريب من .... (iii) الله .... وربك (iv) الصورة .... الجدار

(v) يدى ...... الكتاب (vi) الابعيد ...... الباب جدا (vii) كم قلما .... المكتبة (viii) الارض .... قدمي

سوال نمبر 3: (**الف**) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۱۵=۵x۳

(i) الانف (ii) القلم (iii) الباب (iv) الشمس (v) الهرة

(**ب**) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰=۲x۵

(i) المنضدة (ii) الشَعر (iii) الاذن (iv) الارنب (v) الصبورة (vi) اليمين (vii) المحفظة (vii) الغصن

سوال نمبر 4: (**الف**) درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۱۵=۵x۳

(i) اين منزلك ؟ (ii) الك اخ ؟ (iii) متى ينهض عن سريره؟ (iv) ماذا يفعل الان ؟ (v) هل عندك كتاب؟

(**ب**) بیس تک گنتی عربی میں تحریر کریں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک سال اول) برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے

چھٹا پرچہ : جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور سوال نمبر 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... جنرل سائنس

سوال نمبر 1: (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۱۰

۱۔ پودوں کے متعلق علم کو......... کہتے ہیں۔

۲۔ ریاضی ......اور اعداد کی خصوصیات کا علم ہے۔

۳۔ جابر بن حیان........ کا ماہر تھا۔

۴۔ بیکٹیریا کو دیکھنے کے لئے....... استعمال ہوتی ہے۔

۵۔ ایڈز کے وائرس کو..... کہتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۰

۱۔ تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

۲۔ پولیو، وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

۳۔ بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔

۴۔ جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

۵۔ کیبل ٹی وی میں الیکٹریکل سگنلز کو ریڈیو ویوز میں بدلہ جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: سائنس کی مختلف شاخوں کے متعلق بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3: ڈینگی بخار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر 4: کمپیوٹر کے کون کون سے اہم حصے ہوتے ہیں اور یہ کیا کام کرتے ہیں؟ ۱۵

حصہ دوم ... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5: (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۱۰

۱۔ اورنگزیب عالمگیر کی وفات سن...... میں ہوئی۔

۲۔ نادر شاہ نے برصغیر پر سن...... میں حملہ کیا۔

۳۔ سن..... میں قائداعظم نے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔

۴۔ نادر شاہ سن......... میں قتل ہوا۔

۵۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سن...... کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۱۰

۱۔ جنگ آزادی میں حصہ لینے والے پانچ مشائخ کے نام لکھیں۔

۲۔ پاکستان کے موجودہ صدر کا نام بتائیں۔

۳۔ برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد کس نے رکھی؟

۴۔ قائداعظم نے چودہ نکات کب پیش کیے؟

۵۔ برصغیر میں اسلامی حکومت کے زوال کے دو اسباب کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 6: برصغیر میں انگریز کی آمد کس طرح اور کب ہوئی اور انہوں نے کس طرح یہاں کی حکومت پر قبضہ کیا؟ ۱۵

سوال نمبر 7: تحریک پاکستان کے چند محرکات کی وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 8: امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کے معاشی نکات تحریر کریں۔ ۱۵